پڑھنے کا معیار ۱

Author: Herminder Ohri
Illustrator: Herminder Ohri
Translator: Faiyaz Ahmed

ایک دن ایک چوہے کو ایک بڑا سا بن
(میٹھی روٹی) ملا۔

"میں اس بن کو گھر لے جاؤں گا" وہ
بولا۔

اس نے بن کو پیچھے سے دھکّا دیا مگر وہ
نہیں ہلا۔

اس نے آگے سے کھینچا پر بن نہیں
ہلا۔

دائیں طرف سے دھکّا دیا پر نہیں ہلا۔

بن کے پیچھے سے بھاگا اور بائیں
طرف سے زور سے دھکّا دیا،
بن پھر بھی نہیں ہلا۔

ہوں، میں اس پر رسّی باندھوں گا اور
اسے کھینچ کر گھر لے جاؤں گا۔

چوہا دوڑ کر گھر سے رسّی لے آیا لیکن وہ
چھوٹی پڑ گئی۔

وہ واپس گیا اور لمبی رسی لایا۔

بن کو باندھا... اور کھینچا پر بن نہیں ہلا۔

چوہا بیٹھ گیا اور تھوڑا بن کترا۔

واہ! کتنا لذیذ ہے۔ اس نے تھوڑا اور کھایا، تھوڑا اور پھر تھوڑا۔ اس طرح بن چھوٹا ہوتا گیا۔

اس نے بن کو ہلکا سا دھکّا دیا
اور بن سیدھے گھر کے اندر!
چوہا بہت خوش ہوا۔

بن صحیح سلامت اس کے گھر
میں تھا۔

لیکن اس نے اتنا بن کھایا تھا
کہ اس کا پیٹ بڑا ہوگیا۔

چوہے نے خود کو اندر کی طرف دھکیلا
مگر وہ نہیں گھس پایا۔

اپنے دروازے کے باہر چوہا پیٹ پکڑ
کر بیٹھ گیا

"اتنا سارا بن نہیں کھانا چاہیئے تھا
مجھے۔ کسی کے ساتھ بانٹ لیتا تو کتنا
اچھا ہوتا"

Story Attribution:

This story: لالچی چوہا is translated by Faiyaz Ahmed . The © for this translation lies with Pratham Books, 2006. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'The Greedy Mouse', by Herminder Ohri . © Pratham Books , 2006. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Other Credits:

'Lalchi Chuha''Chutkoo Makda!' has been published on StoryWeaver by Pratham Books. www.prathambooks.org.

Images Attributions:

Cover page: A mouse nibbling on a bun, by Herminder Ohri © Pratham Books, 2006. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: A mouse finds a bun on the floor, by Herminder Ohri © Pratham Books, 2006. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: A cookie, by Herminder Ohri © Pratham Books, 2006. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: A mouse crawling on a bun, by Herminder Ohri © Pratham Books, 2006. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: A mouse nibbling on a piece of bun, by Herminder Ohri © Pratham Books, 2006. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: A mouse trying to push a piece of bun, by Herminder Ohri © Pratham Books, 2006. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: A mouse and a bun with a red thread around it, by Herminder Ohri © Pratham Books, 2006. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: A mouse ties a green thread around a bun, by Herminder Ohri © Pratham Books, 2006. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: A mouse eating a bun, by Herminder Ohri © Pratham Books, 2006. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: A mouse gnawing at a bun, by Herminder Ohri © Pratham Books, 2006. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

(Urdu)

لالچ بُری بلا ہے لیکن یہ چوہے کو کون سمجھائے؟

This is a Level 1 book for children who are eager to begin reading.